Telephone Conversation between PM and Prime Minister of Spain

April 04, 2020

بھارت کے وزیر اعظم اور اسپین کے وزیر اعظم کے مابین ٹیلی فون پر گفتگو

04 اپریل، 2020

وزیراعظم جناب نریندر مودی نے حکومت اسپین کے صدر (وزیر اعظم کے برابر) عزت مآب پیڈرو سانچیز پیریز کاسٹیجن کے ساتھ آج ٹیلی فون پر بات چیت کی۔ دونوں رہنماؤں نے کووڈ۔ 19 عالمی وبا سے درپیش عالمی چیلنج کے بارے میں تبادلہ خیال کیا۔

وزیر اعظم نے اسپین میں ہونے والی ہلاکتوں پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا، اور اس بیماری میں اب تک مبتلا افراد کی جلد صحتیابی کے لئے دعا کی۔ وزیر اعظم نے ہسپانوی عزت مآب رہنما کو یقین دلایا کہ ہندوستان بہادر ہسپانوی کوششوں سے یکجہتی کا اظہار کرتا ہے، اور وہ اپنی بھرپور صلاحیتوں کے مطابق مدد کے لئے تیار ہے۔

دونوں رہنماؤں نے عالمی سطح پر صحت کے بحران سے نمٹنے کے لئے بین الاقوامی تعاون کی اہمیت پر اتفاق کیا۔ ہسپانوی وزیر اعظم نے وزیر اعظم کے اس بات سے اتفاق کیا کہ دنیا کو کووڈ کے بعد کے دور کے لئے عالمگیریت کے ایک نئے انسانیت پر مبنی تصور کی وضاحت کی ضرورت ہے۔

دونوں رہنماؤں نے وبائی مرض کی وجہ سے اپنے گھروں تک محدود لوگوں کی نفسیاتی اور جسمانی صحت کو یقینی بنانے کے لئے آسانی سے فراہم ہونے والے یوگا اور روایتی جڑی بوٹیوں کی دواؤں کی افادیت پر اتفاق کیا۔

انہوں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ ان کی ٹیمیں کووڈ 19 کی ابھرتی ہوئی صورتحال اور اس سے پیدا ہونے والی ضروریات کے حوالے سے مستقل رابطے میں رہیں گی۔

نئی دہلی

04 اپریل، 2020

DISCLAIMER : This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.